# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علومِ اسلامیہ

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism " پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: " نظریات فقہیہ اور قواعد فقہیہ کا تعارف "(2969)** **سمسٹر: بہار، 2026ء**

**سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ**

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یاPDFفارمیٹ)میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1 　حق کی تعریف اور اس کے ارکان بیان کریں نیز متعین حق اور تخصی حق کی خصوصیات کیا ہیں؟ 　(20)

سوال نمبر2 　حق کے استعمال میں تعسف کی ممانعت کے قواعد کیا ہیں؟ نیز تعسف کے نتائج اور شرعی احکام بیان کریں۔ 　(20)

سوال نمبر3 　لغوی اور اصطلاحی معنی میں فسخ کی تعریف بیان کریں۔ نیز فسخ کے اسباب اور معاہدے کے مزاج کے اعتبار سے پابندی کی عدم ضرورت بیان کریں۔ 　(20)

سوال نمبر4 　ملکیت کی تعریف اور قرآنی وحدیثی روشنی میں مفہوم بیان کریں۔ انفرادی حقوق ملکیت کے حدود اور حقِ استعمال و تصرف کے حُدود کیا ہیں؟ 　(20)

سوال نمبر5 　انفرادی ملکیت کے شرعی حقوق اور حصول ملکیت کے طریقے بیان کریں۔ 　(20)

کل نمبر:100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1 　فقہاء کی اصلاح میں ضمان کے تصور کی وضاحت کریں۔ نیز فقہی قواعد ضمان کی وضاحت کریں، خصوصاً: اجرت اور ضمان کے جمع نہ ہونے، واضطرار کا اثر، اور دوسرے کی ملکیت میں تصرف۔ 　(20)

سوال نمبر2 　قاعدہ کلیہ کی تعریف اور قاعدہ وضابطہ میں فرق بیان کریں۔ نیز واضح کریں کہ قواعد کلیہ کی تاریخی ابتدا اور تطبیق کے عمومی اصول کیا ہیں؟ 　(20)

سوال نمبر3 　قواعد بابت معاملات دیوانی کی چند مثالیں اور اطلاق بیان کریں اور قواعد متعلقہ عبادات کی اہمیت اور ان کی عملی مثالیں تحریر کریں۔ 　(20)

سوال نمبر4 　بیع کے ساتھ شرائط کے احکام اور ان کے اطلاق بیان کریں۔ نیز واضح کریں کہ بیع میں شرط کے فقہی اثرات کیا ہیں؟ 　(20)

سوال نمبر5 درج ذیل قواعد فقہیہ کی تشریح کریں اور ان کی وضاحت و تفریعات بیان کریں: (20)

1. قاعدہ: "المعروف عرفاً کالمشروط شرطاً"

2. قاعدہ: "الضرورات تبیح المحظورات"

3. قاعدہ: "درأ المفسدۃ مقدمٌ علی جلب المصلحۃ"